| کل نمبرات | زبانی | تحریری |
|---|---|---|
| ۴۰ | ۱۰ | ۳۰ |

# مجموعی قدر پیمائی ۲ : ۱۸-۲۰۱۷ء
# جماعت : چہارم
# مضمون : اُردو
## تحریری سوالات سے متعلق اساتذہ کے لیے ہدایات

---

**س ۱:** **لفظ سنو اور لکھو۔** **(۵ نمبرات)**

**زمرہ:** لکھنا (املا نویسی)

**مقصد:** جوڑ حروف والے اور بغیر جوڑ حروف والے الفاظ کی تحریر کی جانچ

**ہدایت:**
- فہرست کے الفاظ سناتے وقت ہر لفظ کو بلند آواز میں تین مرتبہ دہرائیں۔
- ہر لفظ کو بولنے کے بعد دو سیکنڈ رُک کر اسی لفظ کو دوبارہ پڑھیں۔
- طلبہ کا لفظ لکھنا ہونے پر انھیں لفظ لکھا ہے یا نہیں اس کی جانچ کرنے کے لیے کہیں اور اسی لفظ کو دوبارہ دہرائیں۔
- طلبہ کا لفظ لکھنا ہونے پر، لفظ لکھا ہے یا نہیں انھیں اس کی جانچ کرنے کے لیے کہیں اور اسی لفظ کو دوبارہ دوہرائیں۔

**الفاظ:**

| | |
|---|---|
| (۱) آسان | (۲) ناؤ |
| (۳) درست | (۴) جوزف |
| (۵) معاف | (۶) فرق |
| (۷) فقیر | (۸) شروع |
| (۹) بالکل | (۱۰) رانی |

**نمبرات دینے کا طریقہ : فہرست کے ہر صحیح لفظ کو ½ نمبر دیا جائے۔**

اس سوال کی جانچ کرتے وقت چند باتوں کا خیال رکھیں : لفظ تسلسل میں لکھا ہو، اور لکھائی کے اُصولوں کے مطابق ہو تب ہی نمبرات دیں۔ مثلاً 'فرق' کی بجائے 'فرک' لکھا ہو تو نمبرات نہ دیں۔

**س ۲:** **اقتباس پڑھو اور دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھو۔**

**صحیح جوابات اور نمبرات :**

**الف)** (ب) شعر و شاعری میں (۱ر نمبر)

**ب)** شاعر جب دربار میں آتے تو خوشامدی بن جاتے اور انعام پانے کے لیے بادشاہ کی تعریف کرتے تھے۔ (۲ر نمبرات)

ج) بادشاہ کو شعر و شاعری سے بڑی دلچسپی تھی اس لیے اس نے ایک دن کچھ شاعروں کو بلایا اور انھیں اپنے درباریوں میں شامل کرلیا۔ (۲؍نمبرات)

س ۳: **اشتہار پڑھو اور اس پر مختصر سوالوں کے جواب لکھو۔**

**صحیح جوابات :**

**الف)** (الف) ۲۰۰؍روپے (۱؍نمبر)

**ب)** (الف) ایک کمپاس بکس (۲؍نمبرات)

ج) ناز ٹیلرس، آزاد چوک، ناشک میں مل رہے ہیں۔ (۲؍نمبرات)

س۴: **درج ذیل سوالات ہدایات کے مطابق حل کرو۔**

**الف)** بچوں نے رو رو کر گھر سر پر اُٹھالیا۔ (۱؍نمبر)

**ب)** (۱) امجد اچھا کھلاڑی ہے۔ وہ روز دوستوں کے ساتھ کھیلنے جاتا ہے۔ (۱؍نمبر)

(۲) میز پر کتاب رکھی ہوئی ہے۔ (۱؍نمبر)

ج) مبتدا : نصیبُن (۲؍نمبرات)

خبر : آٹا گوندرہی تھی۔

س ۵: **درج ذیل تصویر دیکھو اور اس پر مختصر ایک چھوٹی سی کہانی لکھو۔** **(۵؍نمبرات)**

**زمرہ:** اظہارِ خودی (تحریری)

**مقصد:** طلبہ کے اظہارِ خودی کی جانچ

**نمبرات دینے کا طریقہ :** تحریری اُصولوں کے مطابق تحریر کی جانچ نہ کی جائے۔

| نمبرات | متوقع نتائج |
|---|---|
| ۵ | تصویر کی تفصیلات میں اضافہ کر کے، تصویر کے لوگوں کو کسی کردار کا نام دے کر کہانی لکھنا۔ کرداروں کے مکالمے لکھنا۔ |
| ۴ | تصویر کی تفصیلات میں اضافہ کر کے، تصویر کے کرداروں کو نامزد کر کے کہانی لکھنا۔ |
| ۳ | پوری تصویر پر مجموعی طور پر غور کر کے تسلسل کے ساتھ لکھی ہوئی بامعنی تحریر۔ لیکن اسے کہانی نہیں کہہ سکتے۔ |
| ۲ | خانہ پُری یا ادھورے الفاظ میں لکھنا۔ جملوں کی بندش کہیں کہیں ٹھیک ہو تو۔ |
| ۱ | تکنیکی اعتبار سے ایک ہی جملے کو لفظ تبدیل کر کے لکھنا یا تسلسل میں نہ ہونے والا بے ہنگم تحریر۔ |
| ۰ | صرف لفظ لکھا یا کچھ بھی نہیں لکھا۔ |

**سوال۶: ذیل میں دیے گئے واقعے پر مبنی ایک کہانی لکھو۔** **(۵ نمبرات)**

**زمرہ:** اظہارِ خودی (لکھنا)

**مقصد:** اظہارِ خودی کی جانچ

**نمبرات دینے کا طریقہ:** (معیاری زبان کا استعمال متوقع نہیں۔)

| نمبرات | متوقع نتائج |
|---|---|
| ۵ | کہانی کے آغاز کو مدنظر رکھتے ہوئے اختتام کیا ہے۔البتہ کہانی کی توسیع کے لیے باریک بینی اور تفصیل دی گئی ہے۔<br>کرداروں کو مختلف اداکاری/ مکالمے دیے گئے ہیں۔ |
| ۴ | کہانی میں تسلسل کے ساتھ اختتام ہے لیکن مجموعی طور پر کہانی بے ہنگم نظر آتی ہے۔<br>کردار اور ان کی پیش کش میں کوئی توسیع نہیں کی گئی۔ |
| ۳ | دیے گئے واقعہ کا حوالہ ذہن میں رکھ کر مکالمہ مکمل کرنے کی کوشش کی ہے البتہ تحریری منصوبہ بند نہیں ہے جس کی وجہ سے تحریر بے ہنگم نظر آتی ہے۔ |
| ۲ | مکمل جملوں میں تحریر اور دیے گئے الفاظ سے مربوط لیکن بے ہنگم جملے (صرف ایک یا دو جملوں میں تفصیل لکھی گئی ہے)۔ |
| ۱ | کہانی کے آغاز کا حوالہ ذہن میں رکھ کر لکھنے کی کوشش۔جملوں کی بندش صحیح نہ ہونے کی وجہ سے مطلب واضح نہیں ہو رہا ہے۔ |
| ۰ | کہانی کے آغاز پر غور نہ کرتے ہوئے لکھی گئی بے ترتیب اور غلط تحریر۔ |

❖❖❖

| تحریری | زبانی | کل نمبرات |
|---|---|---|
| ۴۰ | ۱۰ | ۵۰ |

# جماعت : چہارم

## زبانی سوالات سے متعلق اساتذہ کے لیے ہدایات

---

**سوال نمبر ۷ ) ذیل کے اقتباس کی بلند خوانی کروانا۔** **(۵ نمبرات)**

**مقصد :**

- یہ سوال طلبہ کی بلند خوانی کی مہارت کی جانچ کے ساتھ ساتھ طلبہ کی تفہیم کی جانچ کے لیے بھی ہے۔

**سوالات پوچھنے والے کے لیے ہدایات :**

- یہ سوال زبانی نوعیت کا ہونے کی وجہ سے ایک ایک طالب علم سے پوچھا جائے۔
- جماعت میں طلبہ کی تعداد زیادہ ہونے کی صورت میں جانچ کا مرحلہ دو تین دنوں میں مکمل کیا جائے۔

**سوالات پوچھنے والا طلبہ کو یہ ہدایت دیں:**

**میں تمھیں ایک اقتباس پڑھنے کے لیے دوں گا/ گی۔ اسے بلند آواز سے پڑھو۔ اس کے بعد میں تم سے چند سوالات پوچھوں گا/ گی، تم اُن کے جوابات دو۔**

**اقتباس:**

پانی ہماری ایک اہم ضرورت ہے۔ پانی کا استعمال ہم پینے کے علاوہ نہانے، کپڑے دھونے، کھانا بنانے، کھیتی باڑی وغیرہ کاموں میں کرتے ہیں۔ زمین کے چار حصوں میں سے تین حصے میں پانی بھرا ہوا ہے لیکن پینے کے قابل بہت کم مقدار میں ہے۔ اسی لیے ہمیں پانی کا استعمال بڑی احتیاط سے کرنا چاہیے۔ اپنی ضرورت کے مطابق ہی پانی استعمال کریں۔ پانی کو گندہ ہونے سے بچائیں۔ پانی کو کتنے دن بھی رکھیں وہ خراب نہیں ہوتا۔

**بلندخوانی نمبرات دینے کا طریقہ :**

| متوقع نتائج | نمبرات |
|---|---|
| اقتباس کی علاماتِ اوقاف کے ساتھ بلند خوانی کرنا۔ بلند خوانی کرتے وقت روانی کا لحاظ نہ کیا جائے۔ جملوں کو دہرانے پر بھی کوئی مضائقہ نہیں۔ | ۵ |
| صرف کچھ جملوں کے علاماتِ اوقاف کے ساتھ بلند خوانی کرنا۔ | ۴ |
| اقتباس کو ہجے کر کے پڑھنے کے بعد جملوں کا مطلب سمجھ گیا۔ پہلے دل ہی دل میں پڑھ کر بعد میں اس کی بلند خوانی کی تو بھی ٹھیک ہے۔ | ۳ |
| مدد کے بغیر الفاظ پڑھے لیکن پڑھے ہوئے جملوں کا مطلب سمجھ نہ سکا۔ | ۲ |
| مدد کرنے پر چند الفاظ پڑھے لیکن پڑھے ہوئے جملوں کا مطلب سمجھ نہ سکا۔ | ۱ |
| طالب علم نے اقتباس پڑھنے میں دلچسپی ظاہر نہیں کی۔ مدد کرنے کے باوجود جملے نہ پڑھ سکا۔ | ۰ |

**زبانی سوال ۸)　اب طلبہ کے پڑھے ہوئے اقتباس پر مبنی ذیل کے سوالات پوچھیں۔**

**صحیح جواب　　نمبرات**

**الف)　دنیا کا کتنا حصہ پانی سے بھرا ہوا ہے؟**　(ب)　(۱)

(الف)　چار حصے

(ب)　تین حصے

(ج)　دو حصے

**ب)　پانی کا استعمال احتیاط سے کیوں کرنا چاہیے؟**　(ج)　(۲)

(الف)　کیوں کہ پینے کے قابل پانی بہت زیادہ مقدار میں ہے۔

(ب)　کیوں کہ پینے کے قابل پانی بالکل نہیں ہے۔

(ج)　کیوں کہ پینے کے قابل پانی بہت کم مقدار میں ہے۔

**ج)　آج بھرے ہوئے پانی کے برتن کو دو دن بعد کیوں نہیں پھینکنا چاہیے؟**　(۲)

کیوں کہ پانی کو کتنے دن بھی رکھیں وہ خراب نہیں ہوتا۔

❖❖❖